علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ اُردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی

کورس: تحقیق و تدوین: اصول اور روایت (9021) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1- تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6- آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر ۱۔	اُردو میں تحقیق کی روایت پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔	(20)
سوال نمبر ۲۔	حافظ محمود شیرانی کی تحقیقی و تدوینی خدمات کا جامع تعارف کرائیں۔	(20)
سوال نمبر ۳۔	خاکہ سازی کسی بھی تحقیقی کام کی بنیاد ہے، اس رائے کی روشنی میں خاکہ سازی کی اہمیت بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر ۴۔	کسی موضوع کی ابواب بندی میں کن پہلوؤں کا خیال رکھنا لازم ہے؟ بحث کریں۔	(20)
سوال نمبر ۵۔	تحقیقی کام میں حوالہ کی اہمیت کیا ہے؟ حوالہ جات کے مختلف مروج اسالیب کا تعارف کرائیں۔	(20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر۱۔ ہیرو غلفی خط سے کیا مراد ہے؟ یہ خط کن مرحلوں سے گزر کر مکمل ہوا، ہر مرحلے کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر۲۔ مخطوطہ شناسی کے اہم اصول کیا ہیں؟ تفصیلی جواب دیں۔ (20)

سوال نمبر۳۔ درج ذیل اصطلاحاتِ تدوین کی وضاحت کریں۔

۱۔تصحیحِ متن ۲۔روایتِ متن (2x10)

سوال نمبر۴۔ تحقیق اور تدوین کے باہمی تعلق اور فرق واختلاف پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر۵۔ شعری متن کی تدوین مشکل ہے یا نثری متن کی؟ دلائل دے کر وضاحت کریں۔ (20)